RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۲۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۶ر ذی الحجہ سنہ ۱۳۱۱ھ مطابق ۱۱ر جون سنہ ۱۸۹۴ء	جلد ۶

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
	احکام صاحب ریونیو ممبر بہادر	
۱	تقرر محمد نبی خان بعہدہ امین گرداور۔	۱
۲	درباب تصحیح رقبہ کاشت۔	۲ و ۳
۳	بابت تعطیلات عید الضحیٰ	۳
	حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	
۴	بابت انچارجی بالائی مسٹر بلم صاحب بجائے ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم	۳
	روبکارات صاحب سکریٹری بہادر	
۵	درباب رخصات تنخواہ وغیرہ ملازمان کارخانجات۔	۳ و ۴
۶	ایک رجسٹر مشتہرات تجارت کارخانجات مینیجری میں رکھا جائے	۴ و ۵
۷	رخصت یک ماہ دلسوز ارکستار ملازم اصطبل۔	۵
۸ و ۹	نقشہ حیات وممات ونرخنامہ اجناس۔	ضمیمہ

خلاصہ حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

واقع ۲ر جون سنہ ۱۸۹۴ء

نقشی اور بٹائی و پیمایش کے متعلق آجکل بہت سے کاغذات حضور میں بغرض تصفیہ وطلب کیفیت مرسل ہوئے ہین۔ عملہ کو کام زیادہ ہے لہذا تین مہینے کے لئے بالفعل محمد نبی خان کو یکم جون سنہ ۱۸۹۴ء سے بمشاہرہ بیس (۲۰) روپیہ بعہدہ امین گرداور مقرر کیا گیا۔ وہ سواری اپنے پاس سے رکھین۔

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۵ر جون ۱۸۹۲ء

ثبتہ یادداشت جناب صاحب مولف قانون

مولوی صاحب کی رائے صحیح ہے واسطے اطلاع عام کے درج گزٹ ہووے

دستخط عظیم الدین
صحیح نائب ...

یادداشت سررشتہ مولف قانون

بہ تعمیل ارشاد ۱۰ر مئی ثبتہ رپوٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل درباب تصحیح رقبہ کاشت التماس کیا جاوے کہ فیصدی ۵ر بیگہ کی کمی بیشی بندوبست میں بھی قابل لحاظ نہیں ہے لہذا اسقدر کمی وبیشی پر تو لحاظ ہونا نہیں چاہیئے اگر اس سے زائد ہو تو اوسکی نسبت درخواست ترمیم لگان حسب ضابطہ ہو سکتی ہے اس بارہ میں پیشگاہ اجلاس عالی سے ۲۳ ۲۰ر جون کو جو روبکار نافذ ہو گیا ہے وہ واسطے اصلاح مراتب مندرجہ رپوٹ تحصیلدار صاحب کے کفایت کریگا فیس پیمایش قلیل زمین کی نسبت قابل اخذ نہیں ہے اگر رقبہ کثیر کا معاملہ ہوگا تو بصورت خاص اجلاس سے حکم نافذ ہو جاویگا۔ تحریر ۲۳ر جون ۱۸۹۲ء

دستخط ... مولف قانون

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر۔ واقع ۳۱ر مئی ۱۸۹۲ء

ثبتہ رپورٹ تحصیلدار حضور تحصیل

بخدمت مولوی مظہر الدین صاحب مرسلہ کہ اس رپورٹ کی بابت بعد ملاحظہ سرکلرات پرسوں تک اپنی رائے سے اطلاع فرماویں۔

دستخط عظیم الدین
نائب ...

رپوٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل دربارہ تصفیہ تنازعہ پیمایش آراضی مع رای مولف قانون

جناب عالی

سرکلر مجریہ ۵ر ستمبر ۱۸۹۲ء جسکے نفاذ کا حکم سنہ ۱۳۰۰ فصلی سے ہے وہ فدوی کے نزدیک بہت صحیح اور درست ہے اتفاقاً اگر اکثر جگہ ایسا ہوا ہے کہ کسی کھیت کے رقبہ یا نمبر میں غلطی ہو گئی ہو یا کوئی جزو کسی نمبر وغیرہ کا شامل کھیت نقشی ہو گیا ہے یا کسی زبردست نے کمزور اسامی کی اراضی بڑھا لیا ہے اسمیں حکم دیا گیا ہے مستاجر اور رعایا کہ جسکو نقصان ہووے اوسکی تصحیح کی درخواست پیش کرے اور اوسکی درستی کا فرض منصبی پٹواری ہے چنانچہ ایسا عملدرآمد ہوتا ہے جب کبھی کوئی عرائض نسبت اختلاف رقبہ یا نمبر مع قبع پٹواری پیش کرتا ہے وہ بعد صداقت موقع از گرد اور قانون گوے حلقہ رپوٹ بغرض درستی اجلاس حضور میں مع نقشہ خسرہ وغیرہ بھیجی جاتی ہے اوسکی تصحیح معرفت صدر قانونگو ہو جاتی ہے۔ اور اکثر اسامیوں کے ایسے ہی جھگڑے اور مقدمہ بازیاں رہینگی تو پیمایش سرویری میں جو سرکار کا لاکھوں روپیہ صرف ہوا ہے وہ محض فضول و رائگان جاویگا۔ بدانست کمترین ایسا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ جب صاف حکم سرکلر میں نسبت کمی وبیشی رقبہ و نمبر پٹواری دیہہ کو دیا گیا ہے وہ اوسکی تصحیح کا ذمہ دار ہے اور اگر پٹواری نے فرو گذاشت اتفاقیہ کی ہے تو عرضی مال گزار اور اسامی تصحیح بعد داخل کرائے جانے فیس موقع ممکن اور جو عرائض نسبت تصحیح اراضی اجلاس حضور میں پیش ہوتی ہیں وہ حسب سکنا دیہہ کے ایک ہی عرضی ہوتی ہے اوسکی نسبت حکم صادر فرمایا جاوے کہ فرداً فرداً ہونی چاہیئے اور اس ملک کی رعایا کا ہمیشہ سے طریقہ ہے کہ

[illegible] عرائض پیش کرتے ہین وہ واپس کیے جاتے ہین
ہر گز قابل لحاظ نہین [illegible]
مضمون کو خیال کرتے ہین دولت جاوید باد

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۱۰ رجون سنہ ۱۹۴۳ء عیسوی

سرکلر تعطیلات عید الضحیٰ بتاریخ ۱۶-۱۷-۱۹-جون مندرج ہے اور بحساب رویت عیدہ ۱۵ رجون کو پڑتی ہے- لہذا حکم ہوا کہ تعطیل ۱۵-۱۶-۱۷-کی رکھی جاوے- سررشتہ دار صدر مطلع ہون اور نقل [illegible] گزٹ مین شائع کردیجاوے

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

واقع ۲۹ رمئی سنہ ۱۹۴۳ء

حضور پرنور دام اقبالہم نے چہ ہفتہ کی رخصت مسٹر [illegible] صاحب بہادر ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم کی منظور فرمائی ہے- ایام رخصت صاحب موصوف مین بابو تلسی رام صاحب افسر آڈٹ کام کرینگے---

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری [illegible] کونسل

واقع ۲ رجون سنہ ۱۹۴۳ء

اگست سنہ ۱۹۱۰ء مین اجلاس صاحب ایجنٹ پریزیڈنٹ [illegible] مرحوم سے ایک روبکار درباب ضمانت وضعات فنڈ ملازمان کارخانجات جسمین تصریح فرقہ کی بھی موجود ہے جاری ہو کر درج گزٹ ہوا غور کیا جاوے تو یہ طریقہ انتظام اون ملازمان کے لئے ضرور فائدہ مند ہے جنسے رقم وضعات ہو کر جمع ہوتی یا کیجاویگی اور سرکاری نفع بھی اس پیرایہ مین شامل ہے ملازمان کو ہنگام پیش آمد ضرورت اس فنڈ سے امداد وقتاً فوقتاً ملتی رہیگی اور اس رقم کے جمع رہنے سے ادنےٰ درجہ کے ملازمان کو جنکا ذکر آگے آئیگا روپوش یا فرار ہونیکا خیال جیسا کہ اکثر سائیس چاکران وغیرہ مین پیدا ہو جاتا ہے ایک بارگی نہ پیدا ہوگا اصطبل کے سوا دیگر کارخانجات مین اسکا عملدرآمد جاری نہین ہے حضور پرنور دام اقبالہم مین بالتصریح اس انتظام کی بابت عرضداشت پیش کی گئی جسپر حکم منظوری صادر ہو چکا ہے- آج بموجودگی سپرنٹنڈنٹ کارخانجات وجملہ منصرمان اس مسئلہ کی ضروری و انتظامی امور پر غور کیا گیا اور اسکے منافع پر نظر کرتے ہوئے جو صورت وضعات فنڈ مناسب تصور ہوئی اوسکی تصریح دفعہ وار آئندہ کیجاتی ہے

فنڈ کی وضعات اوس ملازم فرقون سے ہوگی جنکی تصریح آئندہ کردی گئی ہے- زیادہ سے زیادہ دو آنہ فی روپیہ اور خاص حالت مین کم سے کم ایک آنہ فی روپیہ وضعات عمل مین آئیگی اور تعداد وضعات جب ایک ماہ کی تنخواہ تک پہونچ جائیگی تو بند کردیجائیگی یہ دوسرا امر ہے کہ ہنگام ضرورت جب کسیقدر رقم فنڈ سے سائل مستحق کو دیجاوے تو پھر اوسی کی تنخواہ سے وہ رقم پوری کر دیجاوے جو اوسکو دیگئی ہے

فرقہ ہائے اصطبل جنسے وضعات فنڈ ہوگی- کا ہتراش- سائیس میٹ- خاکروب- سقہ-

فراش خانہ- خلاصی- فراش- خاکروب-

فیل خانہ- چاکر- سانٹھ مار- بھالہ بردار- خاکروب- سقہ-

گاڑیخانہ- گاڑیبان- خاکروب- سقہ-

کنول خانہ- کہار- جھاڑ ساز } کنہہار اس سے مستثنیٰ ہے-

گاؤمیش خانہ- گوالیہ- گھوسی- خاکروب- سقہ-

تاریخانہ- خاکروب- سقہ-

بازدار خانہ- دستکش- بازدار- کبوتر باز- } جمعدار بازدار [illegible]
مرغ باز- چڑیا باز- بلبل بردار-

دفعہ ۱ جسقدر رقم مجتمعہ فنڈ ہے اوس سے زیادہ بحالت ضرورت بلا منظوری اجلاس ہذا نہ دیجائیگی خاص صورت مین بتصدیق منصرم و سپرنٹنڈنٹ کارخانجات ہماری منظوری سے دو ماہ کی تنخواہ تک کی تعداد کی رقم دیجا سکتی ہے۔

دفعہ ۲ منصرمان کارخانہ ایک ماہ کی تنخواہ تک فنڈ سے اوس صورت مین جبکہ مستدعی کی جانب سے درخواست باطلاع فوتی کسی عزیز قریب کی پیش ہو اور شدید ضرورت امداد کی ظاہر کیجاے بعد تصدیق و اطمینان دے سکتے ہین اوسکی اطلاع باضابطہ اس اجلاس مین فوراً آنا چاہیے۔

دفعہ ۳ بعد برخاست و علیحدہ ہونے ملازم کے ضرورت واپسی فنڈ کی ہو تو منظوری اس اجلاس سے منصرم کو حاصل کر لینا چاہیے لیکن ایسی صورت مین جبکہ ملازم مستحق فنڈ مر جاے اور اوسکی بیوی یا کوئی خاص عزیز قریب متوفے کی تجہیز تکفین کی ضرورت ظاہر کرے جسکی تصدیق اور اطمینان منصرم پر لازمی ہے منصرم رقم مجتمعہ فنڈ واپس دیکر اطلاع ضابطہ اوسکی فوراً روانہ اجلاس کرینگے۔

دفعہ ۴ فنڈ کی رقم امانتاً تحویلدار کارخانہ کے پاس جمع ہوگی وہ اس روپیہ کا بھی ویسا ہی ذمہ دار ہے جسطرح سرکاری رقم کا۔ حساب کتاب اسکا تحویلدار کے پاس ہی رہیگا اور محرر کارخانہ ایک رجسٹر رکھیگا جسکو سپرنٹنڈنٹ کارخانجات وقتاً فوقتاً دیکھتے رہینگے اور جانچ پڑتال اوسکی کرتے رہینگے۔ تحویلدار کارخانہ اس رقم سے نہ صرف کرنیکا مجاز ہے نہ سود و منافع حاصل کرنیکا حق رکھتا ہے سپرنٹنڈنٹ کارخانجات رپورٹ ماہواری بھیجتے رہین جس سے حال مفصل آمدنی اور خرچ فنڈ کا معلوم ہوتا ہے۔ ضمانت کی بابت اس روبکار مین بحث کی ضرورت نہین ہے تحویلداران کارخانہ کی ضمانتین حسب بیانات منصرمان موجود ہونا ثابت ہین وقت ضرورت اس باب مین علاوہ تجویز ہو سکتی ہے۔

انتظام و ضعات فنڈ کی بابت اسقدر اور لکھنا ہے کہ جو رجسٹر اسوقت اصطبل مین جاری ہے وہ ہمکو سپرنٹنڈنٹ کارخانجات ملاحظہ کرادین مقصود ہے کہ ایک ہی نمونہ کل کارخانجات مین بھیجے بعد پسند اوسکے نسبت ہم حکم دینگے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا پاس سپرنٹنڈنٹ کارخانجات مرسل ہو وہ منصرمان ماتحت کو پاس ایک ایک نقل برای تعمیل بھیجدین اور تاکید کرین کہ کارروائی اسکی جلد عمل مین آوے ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو۔

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر واقعہ ۲ جون ۱۸۹۴ء

آج کاغذات ہذا بموجودگی سپرنٹنڈنٹ کارخانجات و منصرمان کارخانہ پیش ہوے جو چیزین مصارف کارخانجات کیواسطے بیرونجات سے خرید ہو کر آتی ہین یا یہان خریدی جاتی ہین اور اونکی مجرائی منصرمان کارخانہ ذریعہ رپورٹ ضابطہ حاصل کر لیتے ہین مع ہمہ اشیاء کے یکبارگی خرچ نہین ہو جاتی ہین بلکہ تجربہ سے و نیز بیانات منصرمان سے واضح ہوا کہ جس ماہ مین جسقدر شے مال سرکار صرف ہوتی ہے جسکو خرچ مین باظہار مال سرکار دکھلائی جاتی ہے یہ ایک عملدرآمدی جو کارخانجات مین جاری ہے

لیکن ایک عرصہ کے بعد جب پھر اوسی چیز کی بابت درخواست خریداری باظہار ضرورت منصرم پیش کرتے ہین تو سوائے اوسی تحریر منصرم یا اوسی کارخانہ کے جس سے وہ درخواست آئی ہی کوئی ذریعہ اطمینان اس امر کا نہین ہے کہ جس قدر شی سابق خرید ہوکر صرف ہوتی رہی ہے وہ اب ختم ہو گئی کارخانہ مین نہین ہے یا دس پانچ روز کے صرف کے لائق ہی اسکی اطمینان نیز انتظامی مناسبت کی اعتبار سے ہماری رای مین ایک ایک رجسٹر ہر کارخانہ متعلق سپرنٹنڈنٹی کارخانجات مین کھولدیا جاوے جسمین ہر قسم کے اشیاء مصارف کارخانجات مال سرکار جنکا وقتاً فوقتاً صرف رہتا ہے درج ہوا کرین اور اونکا صرف بھی برابر اوسی رجسٹر مین بمطابقت جمع خرچ دکھلایا جایا کرے سپرنٹنڈنٹ کارخانجات وقتاً فوقتاً ان چیزون کی مصارف پر نظر رکھین ہمارے اجلاس مین جب کوئی درخواست ایسے اشیاء کی خرید کی منصرم پیش کرین گے جسکی خرید پر مجرائی کا حکم ضروری ہو تو اول ہم سپرنٹنڈنٹی کارخانجات سے پچھلے خرید شدہ مال سرکار کی بابت کیفیت دریافت کرسکین گے اور حسب اطمینان رپورٹ تصدیقی مل سکے گی۔ سپرنٹنڈنٹ کارخانجات جمع خرچ ان رجسٹرون کی تکمیل کرتے رہین گے اور باقی باربکالتی رہین گے تاکہ تحریر سپرنٹنڈنٹی کے وقت آسانی رہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار بنام سپرنٹنڈنٹ کارخانجات کی پاس برای تعمیل مرسل ہو وہ ان اشیائی رجسٹر کی تجویز کرکے جلسہ ہذا کو ملاحظہ کرادین اوسکی بعد اجرای رجسٹر کی کارروائی جاری کرین ایک نقل اس روبکار کی درج گزٹ ہو منصرمان کو بھی اطلاع دیجاوے۔

حکم صاحب سکرٹری بہادر

واقع ۲ جون ۱۹۲۲ء

نقشہ رخصت تعدادی دو ماہ ولسوا رنگساز ملازم اصطبل معہ رپورٹ منصرم اصطبل پیش ہو کر حسب الحکم حضور معلی دام اقبالہم و ملکہم رخصت یک ماہ رعایتی منظور کی گئی تنخواہ پیشگی نہین دیجائیگی بعد واپسی سائل کو تنخواہ بابت ایام رخصت ملیگی۔

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۱ لغایت ۱۰ جون

نام تحصیل	تفصیل پیدائش — مرد — مسلمان	تفصیل پیدائش — مرد — ہنود	تفصیل پیدائش — عورت — مسلمان	تفصیل پیدائش — عورت — ہنود	تفصیل پیدائش — میزان	تفصیل پیدائش — تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل پیدائش — تفصیل مذہب — ہنود	تفصیل فوتی — ایک سال سے ۱۰ سال تک — مرد	تفصیل فوتی — ایک سال سے ۱۰ سال تک — عورت	تفصیل فوتی — ۱۰ سال سے ۱۳ سال تک — مرد	تفصیل فوتی — ۱۰ سال سے ۱۳ سال تک — عورت	تفصیل فوتی — ۱۳ سال سے زیادہ — مرد	تفصیل فوتی — ۱۳ سال سے زیادہ — عورت	تفصیل فوتی — میزان — مرد	تفصیل فوتی — میزان — عورت	تفصیل فوتی — تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل فوتی — تفصیل مذہب — ہنود	تفصیل امراض — ہیضہ	تفصیل امراض — چیچک	تفصیل امراض — بخار	تفصیل امراض — دیگر امراض	تفصیل امراض — میزان	کیفیت
حضور تحصیل	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۳	۱۸	۳	۱۴	۳۸	۶	۳۲	۱۴	۱۳	۱	۰	۱۴	۸	۲۹	۲۱	۲۹	۲۱	۰	۰	۵۰	۰	۵۰	۰
ملک	۱	۱۳	۰	۸	۲۲	۱	۲۱	۶	۳	۳	۴	۱	۰	۹	۴	۲	۱۱	۰	۰	۸	۵	۱۳	۰
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
میزان	۴	۳۱	۳	۲۲	۶۰	۷	۵۳	۲۰	۱۵	۳	۲	۱۵	۸	۳۸	۲۵	۳۱	۳۲	۰	۰	۵۸	۵	۶۳	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۴ لغایت ۱۰ جون سنہ ۱۹۲۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۷ار	۱۸ار	۰	۱۷۰ار	۰	حضور تحصیل و ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰	۰	۲۲ار	۰	۲۲۰ار	۰	
نخود کسہ آمیز	۰	۲۳ار	۲۵ار	۰	۲۷۰ار	۰	
کسہ	۰	۰	۲۷۰ار	۰	۰	۰	
ماش	۰	۱۵ار	۱۶ار	۰	۰	۰	
مونگ	۰	۰	۱۶ار	۰	۰	۰	
مکا	۰	۳۰ار	۰	۰	۰	۰	
جئی	۰	۳۰ار	۰	۰	۲۷ار	۰	
گوجئی	۰	۲۳ار	۲۵ار	۰	۲۵ار	۰	
عدس	۰	۲۳ار	۰	۰	۲۶ار	۰	
ارہر	۰	۲۷ار	۲۵ار	۰	۰	۰	
برنج	۰	۱۰ار	۱۲ار	۰	۱۰۰ار	۰	
روغن زرد	۰	۱ار	۱ار	۰	۱ار	۰	
روغن سیاہ	۰	۴۰ار	۳۰ار	۰	۴۰ار	۰	
روغن کنجد	۰	۴ار	۳ار	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	۰	۷۰ار	۸۰ار	۰	۰	۰	
نمک لاہوری	۰	۰	۰	۰	۶ار	۰	
قند سیاہ	۰	۱۰ار	۱۱ار	۰	۰	۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور